لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ ذی الحجہ سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ حاکم صاحب صدر	۱
۲	اضافہ متعلق سررشتہ تعلیم	۲
۳	تقرر الاونس مینیجر وحید الدین نما اجلاس جوڈیشل	ایضاً
۴	اضافہ جات اہلکاران صیغہ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر	ایضاً
۵	اطلاع متعلق گزٹ نمبر ۲۶	ایضاً
۶	نقشہ بارش و نقشہ نرخ خام اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع یکم ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب روبکار ۱۳ اگست سنہ ۱۹۱۹ء منشی حسین رضا خان حاکم صدر کی تنخواہ میں پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو چکا ہے اب بنظر پرورش انکی تنخواہ میں پچاس روپیہ اور اضافہ کیا جاتا ہے آئندہ انکو چارسو روپیہ ماہوار تنخواہ ملے گی۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط میر منشی صاحب اجلاس ہمایون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بتقریب جشن سالگرہ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم ملازمین مفصلہ ذیل کے اضافے یکم ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے منظور کئے جاتے ہیں۔

واحد حسین خان ابجد تعلیم ۔ محمد رضا خان پرائمری اسکول ۔ ہدایت اللہ چپراسی ہائی اسکول
سید یوسف حسن مدرس مدرسہ عالیہ ۔ حافظ صدیق احمد نائب متولی مدرسہ عالیہ
عبدالرحیم مدرس مدرسہ نالہ پار ۔ ریاست یار خان مدرس مدرسہ پنجابیان
عابد علیخان مدرس گھمبیر پور ۔ علی رضا خان مدرس شاہ آباد ۔ رحیم بخش مدرس نوشہر پور
الٰہی بخش مدرس بلاسپور ۔ بانکے رام نائب مدرس بلاسپور
پنڈت موتی رام مدرس کیمری ۔ گوری مل مدرس کیمپور ۔ سید محمد رضا مدرس اول مدرسہ ٹانڈہ ۔ حافظ عبداللہ معلم مکتب ٹانڈہ۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۳۰ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

نظارت ہائے عدالت جی دیوانی و فوجداری و خفیفہ کے رجسٹروں کی جانچ وقتاً فوقتاً ہونا ضروری ہے۔ ارسال رجسٹرہائے نظارت جی دیوانی و فوجداری کے ملاحظہ سے معلوم ہوا کہ پیشکاران عدالتہائے متعلق رجسٹروں کے متعلق جانچ نہیں کرتے۔ اس لئے منشی وحید الدین احمد خان پیشکار اجلاس مامور کئے جاتے ہیں۔ کہ وقتاً فوقتاً رجسٹرہائے ناظران عدالت کی جانچ کرکر رپورٹ پیش کیا کریں۔ پندرہ روپیہ ماہوار الاؤنس جو اجلاس ہمایون سے اس کام کے منظور ہوا ہے پیشکار مذکور کو ملیگا لیکن پیشکاران عدالتہائے متعلق اس انتظام کی وجہ سے اپنے قرارداد نگرانی رجسٹرہای سے سبکدوش نہونگے بلکہ اگر جانچ سے آیندہ رجسٹروں میں کوئی غلطی برآمد ہوگی تو انسے بھی بازپرس کیجائیگی۔ بالفعل رجسٹرہای ناظران دیوانی و فوجداری میں جو نمبرون کی غلطیان ہیں منشی وحید الدین احمد خان پیشکار ناظرون کو مع رجسٹروں کے طلب کرکے ایام تعطیلات میں انکی درستی کرادیں۔ تاکہ بعد آیندہ کو رجسٹروں میں غلطی باقی نرہے لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل گزٹ میں شائع کیجاوے۔

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر واقع ۳۱ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

بتقریب سالگرہ مبارک حضور معلے دام اقبالہم عرائض ملازمان بدرخواست اضافہ پیش ہوئین ہر ایک عرضی پر غور کیا گیا ملازمان مندرجہ قابل اضافہ پائے گئے۔ لہذا تجویز ذیل عمل میں آئی۔

واجد علیخان جمعدار تحویلدار کتبخانہ شاہرہ دار عہ ۔ حسین الدینخان محرر ڈیوڑھی [illegible] شاہرہ دار
جگن زرگر شاہرہ دار آٹھ روپیہ ۔ برجی لال محرر باورچیخانہ ہندوستانی شاہرہ دار عہ
شیر محمد خان تحویلدار تنخواہ سے الاونس للعہ ۔ عبدالقادر خان ٹولیدار اصطبل
پیارے خان ٹولیدار اصطبل ۔ احمد بخش تحویلدار اصطبل ۔ بندہ آبن محرر دیگخانہ شاہرہ دار
مولوی شکر اللہ نائب مہتمم باغات شاہرہ دار عہ

مولوی شکر اللہ صیغہ اوقاف سے تنخواہ پاتے ہیں مگر انکو کام باغات میں لیا جاتا ہے مستعدی کے کام کرتے ہیں متوسل قدیم ریاست ہیں۔ لہذا چار روپیہ الاونس مقرر کئے گئے یہ الاونس صیغہ باغات سے ملیگا۔

سید محمد باقر خوشنویس عہ

لہذا حکم ہوا کہ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ اور نسبت دیگر ملازمان جنکی عرائض گذری ہیں بحضور معلے دام اقبالہم سفارش کیگئی ہے کہ مستحق پرورش ہیں امید ہے کہ جلد پرورش ہوگی۔

اطلاع

۳۰ جون سنہ ۱۹۱۹ء گزشتہ نمبری (۲۶) روز دوشنبہ کا پرچہ بوجہ عدم وصول احکام ضروری شائع نہ ہو سکا۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۶ ستمبر لغایت ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل ملک		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد	[illegible]	تعداد	[illegible]	تعداد	[illegible]	تعداد	[illegible]	تعداد	[illegible]	تعداد	[illegible]
۶ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء یوم شنبہ	۰	۲۷۱	۰	۲۱۷	۳۰	۲۳۷	۰	۲۲۵	۰	۲۱۳	۳۶	۲۸۰
۷ " " یکشنبہ	۰	۲۷۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۲۲۵	۴	۲۱۷	۴	۲۸۴
۸ " " دوشنبہ	۳۵	۳۰۶	۰	"	۰	"	۲۷	۲۵۲	۵	۲۲۲	۱۵	۲۹۹
۹ " " سہ شنبہ	۰	۳۰۶	۰	"	۴۴	۲۷۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۳۰	۲۵۲	۰	۲۹۹
۱۰ " " چہارشنبہ	۰	۳۰۶	۰	"	۰	۲۷۷	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا
۱۱ " " پنجشنبہ	۰	۳۰۶	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	"	۰	"	۰	"
۱۲ " " جمعہ	۱	۳۰۷	۰	"	۰	"	۰	"	۰	"	۰	"

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۸ لغایت ۱۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ ار	۴ ار	۴ ار	۵ ار		۵ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۶ ار	۶ ار	۴٫۰ ار	۴٫۰ ار		۵ ار	
نخود گندم آمیز	۶ ار	۵ ار	۵ ار	۵ ار		۵ ار	
جو	۶٫۵ ار	۵ ار	۵ ار	۵٫۰ ار		۵٫۰ ار	
ماش	۶٫۳ ار	۰	۳ ار	۰		۱۵ ار	
مونگ	۳ ار	۰	۰٫۲ ار	۰		۳ ار	
لکا	۰٫۲ ار	۰	۰	۰		۰	
جئی	۰	۰	۰	۸ ار		۰٫۲ ار	
گوجئی	۰	۰	۰٫۵ ار	۷ ار		۷ ار	
عدس	۵ ار	۰	۵ ار	۰		۵ ار	
ارہر	۵ ار	۵ ار	۷ ار	۰		۰	
برنج	۳ ار	۶ ار	۳٫۰ ار	۶ ار ۳ ار		۴ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن کنجد	[illegible]	[illegible]	۰ ار	۰		۰ ار	
نمک سانبھر	۱۳ ار	۱۱۰ ار	۱۱۰ ار	۱۰ ار		۱۱۰ ار	
نمک لاہوری	۷ ار	۶ ار	۶ ار	۶ ار		۷ ار	
قند سیاہ	۳ ار	[illegible]	۰٫۲ ار	۰٫۲ ار		۳ ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰		۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور